رفتار تحقیق

● ۱۹۸۷-۸۸ میں سندھ یونیورسٹی نے حسب ذیل اسکالروں کو پی ایچ ڈی اردو کی ڈگری کے لیے کامیاب قرار دیا ھے:

(۱) ڈاکٹر محمد احمد (قلمی نام: توصیف تبسم)، موضوع "منیر شکوہ آبادی"، نگرانِ مقالہ: ڈاکٹر سید سخی احمد ہاشمی۔

(۲) ڈاکٹر رحیم بخش (قلمی نام: رحیم بخش شاھین)، موضوع "مکاتیبِ اقبال کا تنقیدی جائزہ"، نگرانِ مقالہ: ڈاکٹر نجم الاسلام۔

● اسی مدت کے دوران ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب کی نگرانی میں محترمہ مسز خورشید میمن نے "ولی لغاری" پر اپنا مقالہ مکمل کیا اور سندھ یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی فارسی کی ڈگری کے لیے کامیاب قرار پائیں۔

● "فیکلٹی کے اساتذہ کے لیے انفرادی ریسرچ پروگرام" کے تحت شعبۂ اردو میں مسز رابعہ اقبال، ڈاکٹر مس سعدیہ نسیم اور محترمہ فہمیدہ شیخ کو امدادی رقوم مہیا کی گئی ھیں۔

مسز رابعہ اقبال کو یہ امدادی رقم ان کے دوسرے ریسرچ پروگرام کے لیے مہیا کی گئی ھے۔ وہ اپنے پہلے ریسرچ پروگرام کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرچکی ھیں۔

—